گہما گہمی انتخابات کی

# کراچی میں سدرن زون کی فیلڈ ورکرز ایسوسی ایشن، فیلڈ ورکرز فیڈریشن اور آفیسرز ایسوسی ایشن کے انتخابات

گزشتہ دنوں کراچی میں فیلڈ ورکرز اور آفیسرز ایسوسی ایشن کے انتخابات کی گہما گہمی رہی۔ فیلڈ ورکرز ایسوسی ایشن کراچی سدرن زون کے انتخابات کا انعقاد ہوا جس میں اتحاد گروپ نے مشعل نشان اور فرینڈز گروپ نے پھول نشان کے ساتھ حصہ لیا۔ مذکورہ زون کے فیلڈ ورکرز نے بھرپور جوش وخروش کے ساتھ اپنے ووٹ کا استعمال کیا اور پھر الیکشن کمیشن کے اعلان کردہ نتائج کے مطابق فرینڈز گروپ نے بھاری اکثریت کے ساتھ الیکشن جیت لیا۔ جس کے تحت راجہ مظفر حسین (صدر) محمد انیس خان (سینئر نائب صدر) زر محمد (نائب صدر) اسلم پرویز (جنرل سیکریٹری) عریقت حسین (جوائنٹ سیکریٹری) پیر صالح شاہ (جوائنٹ سیکریٹری) رفیق احمد (فنانس سیکریٹری) مصطفےٰ کامل (انفارمیشن سیکریٹری) منتخب ہوئے جبکہ مینجنگ کمیٹی میں عبدالقیوم عباسی، عبدالستار، اختر گل، نظام الدین، نذیر احمد شیرازی، محمد سہیل، طارق محمود، سلمان احمد، مظہر حسین بٹ، پرویز چوہان، احسان الحق، خلیل خان اور عبدالرزاق منتخب قرار پائے۔




اسٹیٹ لائف فیلڈ ورکرز ایسوسی ایشن کی تقریب حلف برداری کا منظر، ریجنل چیف سدرن سید حسن رضا نومنتخب نمائندوں سے حلف لے رہے ہیں، اسٹیج پر زونل ہیڈز نمایاں ہیں

نتائج کے بعد حلف برداری کی پروقار تقریب زون کی اسٹیٹ لائف بلڈنگ نمبر 2 کے شاد آباد ہال میں منعقد ہوئی۔ جس کی انفرادیت یہ تھی کہ فیڈریشن کے صدر جناب محمد اصغر سمیت پاکستان بھر کے منتخب نمائندوں کے علاوہ ریجنل چیف جناب ایس ایچ رضا، زونل ہیڈ سدرن جناب محمد اقبال، زونل ہیڈ سینٹرل جناب محمد خالد شیخ اور کراچی ایسٹرن زون کے زونل جناب ہیڈ گیان چند صدر (ایریا منیجر ایسوسی ایشن) ڈاکٹر احسان اللہ خان اور جناب محمد علی شیخ (صدر FWA سینٹرل زون) نے شرکت کی۔ جناب ایس ایچ رضا (ریجنل چیف سدرن) نے نومنتخب نمائندوں سے حلف لیا۔ تقریب سے مہمان خصوصی اور دیگر نے خطاب کیا۔ حاضرین کی ظہرانے سے تواضع کی گئی۔



اسٹیٹ لائف فیلڈ ورکرز فیڈریشن کے نومنتخب صدر جناب محمد اصغر، سکیریٹری جنرل آغا سہیل کامران، ایڈیشنل سکیریٹری جنرل ساجد محمود شیخ، چیف کوآرڈینیٹر راجہ محمد زمان، نائب صدر جناب عبدالقیوم، جناب شاہ رخان، فنانس سکیریٹری قمر بٹ، ریجنل کوآرڈینیٹر مرزا ناصر بیگ ودیگر عہدیداران کا گروپ فوٹو

دریں اثناء گزشتہ دنوں اسٹیٹ لائف فیلڈ ورکرز فیڈریشن آف پاکستان کے انتخابات اسٹیٹ لائف بلڈنگ نمبر 2 کراچی میں منعقد ہوئے جس میں پاکستان بھر کے 26 زونوں سے نمائندوں نے بھرپور شرکت کی۔ اجلاس کی صدارت سیکریٹری جنرل محمد اصغر نے کی۔ انہوں نے بتایا کہ فیڈریشن کے انتخابات عرصہ دراز سے التوا کا شکار تھے جن کا فوری انعقاد کیا جاتا ہے تاکہ نومنتخب فیڈریشن فیلڈ ورکرز کو درپیش مسائل کے حل کے لیے جدوجہد کر سکے۔ بعد ازاں متفقہ طور پر درج ذیل عہدوں کے لیے نمائندوں کا انتخاب عمل میں آیا۔ جناب محمد اصغر (صدر) آغا سہیل کامران (سیکریٹری جنرل)، جناب محمد علی شیخ (سینئر نائب صدر) جناب ساجد محمود شیخ (ایڈیشنل سیکریٹری جنرل) سید ناصر علی (ڈپٹی جنرل سیکریٹری) جناب قمر الزمان بٹ (فنانس سیکریٹری) جناب اسلم پرویز (انفارمیشن سیکریٹری) راجہ محمد زمان (چیف کوآرڈینیٹر) سمیت 6 نائب صدور، 6 جوائنٹ سیکریٹریز اور 4 ریجنل کوآرڈینیٹرز و دیگر کا انتخاب کیا گیا۔

26 مئی 2011 کو پرنسپل آفس اور کراچی کے تینوں زونوں میں اسٹیٹ لائف آفیسرز ایسوسی ایشن کے انتخابات برائے 2011 تا 2012 منعقد ہوئے۔ جس میں دو بڑے گروپس آئیڈیل اور پروگریسیو کے مابین مقابلہ ہوا تاہم آئیڈیل گروپ نے واضح برتری حاصل کرلی۔ الیکشن کمشنر کے نتائج کے مطابق نومنتخب صدر ڈاکٹر احمد فاروق، نائب صدر ڈاکٹر مختار سومرو، جنرل سیکریٹری قاضی فواد سلیم، جوائنٹ سیکرٹری جناب حفیظ الدین، پبلسٹی سیکریٹری جناب ایس ایم اعظم، فنانس سیکریٹری جناب نیاز احمد شیخ جبکہ مجلس عاملہ کے لیے جناب عبدالغفار، جناب مشتاق عالم، جناب عبدالناصر، ڈاکٹر شہزاد حیدر، جناب ندیم جمشید اور جناب ضیاء الرحمٰن درانی کو منتخب قرار دیا گیا۔

''تحفظ'' تمام نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد پیش کرتا ہے۔



رپورٹ......اسلم پرویز
سینئر سیلز منیجر، کراچی سدرن زون

# ملتان زون کے پُرعزم بیمہ کارکنان کو خراج تحسین

## ملتان زون کی کارکردگی پر جناب ایس ایچ کاظمی اور طاہر احمد خان کا اظہارِ مسرت



ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب ایس ایچ کاظمی، جناب محمد افضال قمری کو ان کی اعلیٰ کارکردگی پر تحفہ پیش کر رہے ہیں، تصویر میں ریجنل چیف جناب طاہر احمد خان بھی نمایاں ہیں



جناب ایس ایچ کاظمی اور جناب طاہر احمد خاں بیمہ کار چوہدری یوسف مختار کو شیلڈ دیتے ہوئے، تصویر میں زونل ہیڈ ملتان چوہدری اختر حسین و دیگر نمایاں ہیں



عمرہ ٹکٹ جیتنے والوں کے ساتھ جناب ایس ایچ کاظمی، جناب تہور علی خان، جناب طاہر احمد خان اور زونل ہیڈ ملتان چوہدری اختر حسین کے ساتھ فیلڈ کے نمائندگان بھی نمایاں ہیں

گزشتہ دنوں ملتان زون نے اپنے پرجوش اور محنتی فیلڈ کارکنان کے اعزاز میں ایک تقریب تقسیم انعامات کا اہتمام کیا۔ اس تقریب کے مہمان خصوصی ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب شوکت حسین کاظمی اور ریجنل چیف ملتان ریجن جناب طاہر احمد خان تھے۔ زونل سربراہ ملتان زون کی خصوصی دعوت پر ملتان ریجن کے تمام زونل سربراہان کے علاوہ ایریا منیجرز ایسوسی ایشن کے صدر جناب ارشد سجاد، فیلڈ ورکرز ایسوسی ایشن کے صدر آغا سہیل کامران، ایمپلائز فیڈریشن کے صدر جناب شاہد وحید، آفیسرز فیڈریشن کے صدر جناب محمد اشرف بھٹی اور زون کے تمام سیکٹر ہیڈز، ایریا منیجرز بھی اس پروقار تقریب میں شامل ہوئے۔ تقریب کو چار چاند لگانے کے لیے جناب تہور علی خان نے بھی خصوصی شرکت کی۔

اپنے استقبالیہ خطاب میں زونل ہیڈ ملتان زون چوہدری اختر حسین نے تمام مہمانوں کو دل کی گہرائیوں سے خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ آج اس خوشی کے موقع پر میں اللہ رب العزت کا شکر گزار ہوں کہ جس نے ماہ اپریل میں اپنے کاروباری ٹارگٹ کے 108 فیصد کے حصول کے ساتھ ملتان زون کو پاکستان بھر میں پہلی پوزیشن دی اور یہ عزت ملتان زون کے جفاکش اور محنتی ساتھیوں کو دی۔ اس موقع پر ہم دل کی گہرائیوں سے مشکور وممنون ہیں ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب شوکت حسین کاظمی کے جنہوں نے وقتاً فوقتاً ملتان تشریف لاکر ہماری حوصلہ افزائی کی اور اپنے ریجنل چیف جناب طاہر احمد خان کا بھی بے حد ممنون ہوں جن کی رہنمائی ہمارے لیے کامیابی کی دلیل رہی۔ اس اعلیٰ کارکردگی پر زون کے باہمت فیلڈ کارکنان، قائدانہ صلاحیتوں کے حامل سیکٹر ہیڈز، ایریا منیجرز، محنتی اور اپنے کام سے مخلص آفیسران اور جذبہ خدمت سے سرشار اسٹاف ممبران بھی قابل ستائش ہیں کہ جن کی پیشہ ورانہ مہارت شب و روز محنت، اپنے کام سے سچی اور بے لوث محبت کا منہ بولتا ثبوت ہے، کو سلام پیش کرتا ہوں اور کہا کہ ملتان زون سال 2011ء میں اپنے تمام اہداف کی تکمیل کے ساتھ نمبرون رہے گا۔ انشاءاللہ

بعدازاں ریجنل چیف جناب طاہر احمد خان نے زون سے وابستہ ہر فرد کی کارکردگی کو خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ ملتان زون کی کامیابی چوہدری اختر حسین کی بیمہ زندگی سے جنون کی حد تک عشق کی بدولت ہے جس پر نہ صرف ملتان ریجن بلکہ کارپوریشن کو بھی فخر ہے۔

جناب ایس ایچ کاظمی نے اپنے خطاب میں ملتان زون کی کامیابی کو چوہدری اختر حسین کی محنت کا ثمر قرار دیا اور چوہدری اختر حسین کو لیڈر پاکستان کے خطاب سے نوازا۔ دوران تقریب اعلیٰ کارکردگی کے حامل ملتان زون و ریجن میں نمبرون آنے پر سیکٹر ہیڈ چوہدری محمد یوسف مختار کو اعزازی شیلڈ ملتان زون کی طرف سے دی۔ بعدازاں عمرہ کنٹیسٹ کی قرعہ اندازی بھی کی گئی جس میں 17 خوش نصیب ورکرز کو عمرہ ٹکٹ دیئے گئے اس کے علاوہ لاکھوں روپے کے کیش پرائز بھی دیئے گئے جس پر ملتان زون کے کامیاب فیلڈ کارکنان نے زونل سربراہ چوہدری اختر حسین کو بھرپور خراج تحسین پیش کیا جن کی ذاتی کاوشوں کی بدولت قرعہ اندازی بروقت ہوئی۔ اس عزم کے ساتھ ہم نے آئندہ بھی وہ تاریخ رقم کرنی ہے کہ تاریخ میں جس کی مثال نہ ہو ایک بار پھر ملتان زون سے وابستہ ہر فرد اپنا اپنا کردار ادا کرنے کے لیے مصروف عمل نظر آتا ہے۔



رپورٹ: محمد افضال قمری
زونل ہیڈ سیکریٹریٹ، ملتان زون



تقریب تقسیم انعامات سے ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب شوکت حسین کاظمی، سابق زونل ہیڈ جناب تہور علی خان، ریجنل چیف جناب طاہر احمد خان، زونل ہیڈز چوہدری اختر حسین، چوہدری محمد انور شاہد، چوہدری محمد شفیق، جناب زیڈ ایم کامران شمسی خطاب کر رہے ہیں

# ملتان میں جلسہ سیرت النبیؐ کا انعقاد

## ریجنل چیف جناب طاہر احمد خان اور زونل ہیڈ چوہدری اختر حسین کی خصوصی شرکت






ملتان میں جلسہ سیرت النبیؐ کے دوران جناب محمد اشرف بھٹی شرکاء سے گفتگو کرتے ہوئے، ریجنل چیف جناب طاہر احمد خان، زونل ہیڈ چوہدری اختر حسین، مہمان مقرر مولانا محمد فاروق سعدی اور ایمپلائز فیڈریشن کے صدر جناب شاہد وحید نمایاں ہیں

اسٹیٹ لائف ملتان زون کے زیر اہتمام جلسہ سیرت النبی کا انعقاد کیا گیا۔ اس تقریب سعید کی صدارت ریجنل چیف ملتان طاہر احمد خان نے کی جبکہ جلسہ سیرت النبی کی نظامت کے فرائض صدر آفیسرز فیڈریشن جناب محمد اشرف بھٹی نے ادا کیے۔

اس جلسہ میں زونل سربراہ ملتان چوہدری اختر حسین ایمپلائز فیڈریشن کے صدر جناب شاہد وحید فیلڈ ورکرز ایسوسی ایشن کے صدر آغا سہیل کامران، سیکٹر ہیڈز ایریا منیجرز، اسٹاف وافسران اور فیلڈ کارکنان نے شرکت کی۔

جلسہ میں سیرت النبی بیان کرنے کے لیے مہمان مقرر جناب مولانا محمد فاروق سعیدی صاحب کو دعوت دی گئی انہوں نے سیرت النبی پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ نبی کریم کے اسوہ حسنہ اور ان کی پیروی کر کے ہی ہم اپنی دنیا و آخرت میں کامیابی حاصل کر سکتے ہیں۔

آخر میں ادارے کی کامیابی اور ملازمین کی دینی و دنیاوی فلاح کے لیے خصوصی دعا کروائی گئی اور تمام حاضرین محفل میں تبرک تقسیم کیا گیا۔



رپورٹ: منشا راہی

---

## چیئرمین جناب شاہد عزیز صدیقی کو صدمہ

چیئرمین اسٹیٹ لائف جناب شاہد عزیز صدیقی کی والدہ ماجدہ گزشتہ دنوں کراچی میں اس جہان فانی سے کوچ کر گئیں۔ اناللہ وانا الیہ راجعونO

ان کی نماز جنازہ خیابان بحریہ، ڈیفنس ہاؤسنگ سوسائٹی، سلطان مسجد میں ادا کی گئی جس میں اسٹیٹ لائف کے اعلیٰ افسران، کارکنان، فیلڈ افسران و دیگر عمائدین نے شرکت کی۔ اس ضمن میں اسٹیٹ لائف کی مارکیٹنگ فورس، افسران و اسٹاف نے جناب چیئرمین سے اظہار غم اور دکھ کا اظہار کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کے درجات بلند کرے۔ انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین خصوصاً جناب شاہد عزیز صدیقی کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی ہمت و استقامت عطا فرمائے۔ (آمین)

''تحفظ'' جناب شاہد عزیز صدیقی کے غم میں برابر کا شریک ہے اور مرحومہ کی مغفرت کے لیے دعا گو ہے۔


---

## جناب محمد یوسف انصاری اور سید گلشاد حسین بخاری انتقال کر گئے



قارئین تحفظ کے لیے یہ خبر یقیناً انتہائی دکھ اور افسوس کا باعث ہوگی کہ گزشتہ دنوں اسٹیٹ لائف سے تعلق رکھنے والی دو اہم شخصیات ہم سے بچھڑ گئیں۔ اس سلسلے میں اے جی ایم (پی اینڈ جی ایس) کراچی سدرن زون جناب محمد یوسف انصاری کراچی میں اور لاہور زون کے سابق بلکہ پہلے سربراہ سید گلشاد حسین بخاری لاہور میں رضا الٰہی سے انتقال کر گئیں۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔

جناب محمد یوسف انصاری نے اپنے کیریئر کا آغاز 1972ء میں اسٹینڈرڈ انشورنس کمپنی لمیٹڈ میں بحیثیت ٹائپنگ کلرک کیا۔ اسٹیٹ لائف کی نیشنلائزیشن کے بعد بطور جونیئر کلرک بی بیمہ یونٹ انڈر رائٹنگ ڈپارٹمنٹ سے وابستہ ہوئے۔ اس دوران انہوں نے اپنی تعلیم کا سلسلہ جاری رکھا اور بی کام کی ڈگری انہوں نے کراچی یونیورسٹی سے حاصل کی۔ 22 جون 1979ء میں جونیئر آفیسر کے عہدے پر تعینات ہوئے اور ترقی کرتے کرتے اے جی ایم (پی اینڈ جی ایس) کے عہدے پر پہنچے۔ وہ انتہائی تجربہ کار محنتی، جفاکش افسر تھے۔ وہ چیئرمین انسپکشن ٹیم کے ممبر بھی رہے۔ انہوں نے پی ایچ ایس، انٹرنل آڈٹ، پی اینڈ جی ایس کے علاوہ ساہیوال زون میں بھی کام کیا۔ بلاشبہ وہ کارپوریشن کا اثاثہ تھے ان کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ دریں اثناء اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن لاہور کے پہلے سربراہ سید گلشاد حسین بخاری گزشتہ دنوں داعی اجل کو لبیک کہہ گئے۔ اسٹیٹ لائف کے سابق ایگزیکٹو ڈائریکٹر جناب مبارک احمد ملک کی جانب سے موصولہ اطلاع کے مطابق وہ



1920ء میں گکھر ضلع گوجرانوالہ میں پیدا ہوئے۔ ڈبل گریجویشن کے بعد مسلم انشورنس کمپنی اور پھر امریکن لائف انشورنس جوائن کی، آپ کا غیر نصابی سرگرمیوں میں شعر و شاعری اور پر مزاح لطائف کا بہت عمدہ ذوق تھا۔ آپ کا شمار پاکستان انشورنس انڈسٹری میں پیشرو کے طور پر ہوتا ہے۔ آپ کی انشورنس انڈسٹری میں خدمات کے پیش نظر اسٹیٹ لائف ہاؤسنگ سوسائٹی نے ایک سڑک کا نام آپ کے نام سے منسوب کیا ہے۔ آپ کو لاہور میں باغ رحمت قبرستان میں سپرد خاک کیا گیا۔

ادارہ تحفظ جناب محمد یوسف انصاری اور سید گلشاد حسین بخاری کے لواحقین کے غم میں برابر کا شریک ہے اور مغفرت کے لیے دعا گو ہے۔

# اہداف کے حصول میں اجتماعی کوششیں بارآور ثابت ہوتی ہیں

## تقسیم انعامات اور یوم آزادی میلہ کی تقریب سے ریجنل چیف سدرن جناب مقصود احمد چوہدری کا خطاب

گجرات زون میں دو مختلف تقریبات یوم آزادی میلہ اور تقریب تقسیم انعامات کا انعقاد ہوا جن کی صدارت ریجنل چیف ناردرن ریجن جناب مقصود احمد چوہدری نے کی۔ اس میلہ میں تمام سیکٹر ہیڈز، ایریا منیجرز نے شرکت کی۔ یوم آزادی میلہ کی تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا جبکہ نظامت کے فرائض سیکٹر ہیڈ جناب حبیب الرحمٰن نے ادا کیے۔

سیکٹر ہیڈ چوہدری رخسار احمد قیصر نے ریجنل چیف کی آمد کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے زون کے کاروبار پر روشنی ڈالتے ہوئے تمام کوالیفائرز کو مبارک باد دی اور کہا کہ آپ نے اس مقابلہ کو جیت کر کاروبار میں وہ شراکت دی ہے جس کا موازنہ نہیں کیا جاسکتا۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ گجرات زون کی فیلڈ فورس مزید بہتر نتائج مہیا کرے گی جس کا مظاہرہ وہ ماضی میں بھی کرتی رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ گجرات زون کی فیلڈ فورس نے ہمیشہ کاروبار کے فروغ کے لیے کام کیا اور اس ضمن میں کئی کاروباری مقابلے متعارف کروائے۔ یہی وجہ ہے کہ آج ہمارا زون ریجن میں کاروباری حجم کے لحاظ سے دوسرے نمبر پر ہے۔


بعد ازاں ریجنل چیف جناب مقصود احمد چوہدری نے پرجوش اور سرگرم انداز میں تمام کوالیفائرز کو کامیاب لوگوں میں شامل ہونے پر مبارک باد دی۔ انہوں نے بیمہ کاروں پر زور دیا کہ وہ زیادہ سے زیادہ لوگوں تک بیمہ زندگی کا پیغام پہنچائیں یہ آپ کا فرض بھی ہے اور خدمت بھی۔ اس سے آپ کے کاروبار میں اضافہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ریجن کی سطح پر ایسا ہی کانٹیسٹ رکھا جائے گا جس میں پرکشش انعامات رکھے جائیں گے۔

اس موقع پر تمام ایریا منیجرز، سیکٹر ہیڈ اور مارکیٹنگ فورس نے عہد کیا کہ وہ اپنے کاروبار میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کریں گے اور انشاء اللہ ناردرن ریجن میں گجرات زون کو پہلی پوزیشن پر لے آئیں گے۔ اس کے ساتھ ہی انہوں نے میلے کا افتتاح کیا۔

دریں اثناء تقسیم انعامات کی تقریب کے موقع پر گجرات زون کے سربراہ چوہدری عبدالناصر نے اجلاس کے اغراض و مقاصد اور کاروباری حکمت عملی کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ اپریل کے مہینے میں سیلز آفیسرز، سیلز منیجرز کے اجتماعی کاروباری مقابلے کے گروپس تشکیل دیئے گئے تھے۔ اس ضمن میں جیتنے والے گروپ کو زون کی طرف سے چیمپئن اور پول منی کا انعام رکھا گیا تھا۔ انہوں نے بتایا کہ اس مقابلے میں گجرات زون کے تقریباً 350 بیمہ کاروں نے شرکت کی جس کے نتیجے میں کاروباری نتائج انتہائی حوصلہ افزا رہے۔

ریجنل چیف ناردرن جناب مقصود احمد چوہدری نے حاضرین سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کاروبار کے فروغ کے لیے زونل ہیڈ چوہدری عبدالناصر کی کوششیں قابل ستائش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گجرات زون کی مارکیٹنگ فورس انتہائی محنتی اور جفاکش ہے اور ایریا منیجرز میں لیڈرشپ کی تمام خوبیاں موجود ہیں جبکہ سیکٹر ہیڈز پیشہ ورانہ مہارت کے تحت کام کررہے ہیں جن کی وجہ سے ان کی اجتماعی کاوشوں اور زونل ہیڈ کی رہنمائی میں اچھے نتائج نکل رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میں گجرات زون کو سیالکوٹ زون کے معیار پر دیکھنا چاہتا ہوں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگر تمام لیڈرشپ اپنی ٹیم (بیمہ کاروں) کے ہمراہ یکسوئی کے ساتھ رہے اور ان کی حوصلہ افزائی کرتی رہے تو کوئی وجہ نہیں کہ بہترین نتائج برآمد نہ ہوں۔ انہوں نے کاروبار کے فروغ کے لیے پرکشش اور مثالی آئیڈیاز حاضرین کے سامنے رکھے جس سے حاضرین کو موٹیویشن ملی۔ اب وہ اپنے ٹارگٹ حاصل کرنے کے لیے تن من دھن کا زور لگارہے ہیں۔

بعد ازاں ریجنل چیف نے کامیاب گروپس کو ٹرافیاں دیں۔ اجلاس کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا جبکہ نظامت کے فرائض جناب قیصر نواز وینس نے انجام دیئے۔



اسٹیج کا منظر (دائیں سے بائیں) چوہدری ارشد، چوہدری رخسار اے قیصر، جناب مقصود احمد چوہدری، چوہدری عبدالناصر، جناب حبیب الرحمٰن تشریف فرما ہیں جبکہ قیصر نواز وینس نظامت کے فرائض انجام دیتے ہوئے



چیلنجر سیلز آفیسر جناب احسان الٰہی ٹرافی اٹھائے ہوئے اپنے سیلز افسران کے ہمراہ



چیلنجر سیلز منیجر جناب صادق بھٹی ٹرافی اٹھائے ہوئے اپنے ساتھ مقابلہ میں شامل سیلز منیجران کے ہمراہ



رپورٹ: چوہدری رخسار احمد قیصر

اے جی ایم (گجرات زون)

# باہمت خاتون گلف زون کی سیلز نمائندہ شازیہ جبیں سے ایک ملاقات

نوٹ: محترمہ شازیہ جبین گلف زون کی سیلز نمائندہ ہیں انہیں اسٹیٹ لائف جوائن کیے ابھی ایک سال سے بھی کم عرصہ ہوا ہے مگر بہترین کارکردگی ان کو سب میں نمایاں کر رہی ہے۔ انہوں نے مختصر عرصے میں تقریباً 96 لاکھ روپے کا کاروبار کیا اور پہلے ہی سال میں کنونشن بھی کوالیفائی کرلیا۔ اس غیر معمولی کارکردگی کی حامل شازیہ جبین سے اسٹیٹ لائف کنونشن کے دوران لیے گئے انٹرویو کا متن ملاحظہ فرمائیے (ایڈیٹر)

انٹرویو: محمد اعظم شاکر



تحفظ: سب سے پہلے کچھ اپنے بارے میں بتائیے؟

شازیہ: بنیادی طور پر میرا خاندان اٹک سے تعلق رکھتا ہے۔ میرے والد فوج میں تھے۔ ان کی پوسٹنگ کراچی میں ہوئی تو میں کراچی میں پیدا ہوئی۔ پھر والد صاحب کا ٹرانسفر مری میں ہوا تو میں مری آ گئی اس طرح پاکستان کے مختلف شہروں میں رہی اور اب گیارہ سال سے دبئی میں ہوں۔

تحفظ: آپ اسٹیٹ لائف جوائن کرنے سے پہلے کہاں تھیں؟

شازیہ: یہ بڑا اہم سوال ہے۔ میں اسٹیٹ لائف میں آنے سے پہلے ای ایف یو (EFU) میں تھی۔ میں نے چار سال تک ای ایف یو میں کام کیا۔ وہاں میری کارکردگی انتہائی شاندار تھی۔ ملین ڈالر راؤنڈ ٹیبل (MDRT) کنونشن کوالیفائی کیا۔ EFU میں چار مرتبہ گولڈ میڈل لیا۔

تحفظ: اتنی اچھی کارکردگی کے باوجود آپ نے EFU کیوں چھوڑی؟

شازیہ: میں وہاں یونٹ لنک سسٹم میں کام کر رہی تھی۔ بونس کی شرح اسٹاک مارکیٹ اور شیئرز سے منسلک تھی۔ کوئی باقاعدہ سسٹم نہیں تھا۔ جیسے اسٹیٹ لائف میں ہر سال بونس کا اعلان ہوتا ہے وہاں ایسا نہیں ہے۔ حوصلہ شکنی ہوئی، ذہنی سکون نہیں ملا، پیسہ ہر چیز نہیں ہوتا بلکہ کلائنٹس کا مطمئن رہنا بھی ضروری ہے اور میں سمجھتی ہوں کہ وہاں چار سال میں نے ضائع کیے۔

تحفظ: آپ اسٹیٹ لائف میں کیسے آئیں؟

شازیہ: جب وہاں سے حوصلہ شکنی ہوئی تو میں نے اسٹیٹ لائف کے پلانز اور پروڈکٹ کو دیکھا، اسٹڈی کیا، بونس کی شرح کو پرکھا اور اوور آل سالانہ رپورٹ کی کارکردگی کو جانچا۔ مجھے اس میں بہتری نظر آئی پھر میں نے اسٹیٹ لائف جوائن کرنے کا فیصلہ کیا۔

تحفظ: کچھ اپنی کارکردگی کے بارے میں بتائیے؟

شازیہ: مجھے اسٹیٹ لائف جوائن کیے صرف گیارہ ماہ ہوئے ہیں اور میں نے ایک لاکھ گیارہ ہزار یو ایس ڈالر سے زیادہ کا پریمیئم کیا جو پاکستانی روپوں میں تقریباً 96 لاکھ روپے کی رقم بنتی ہے اور کنونشن دورانیے میں 45 ہزار یو ایس ڈالر سے زائد رقم کا پریمیئم حاصل کیا۔ انشاء اللہ آئندہ سال اس سے بڑھ کر کارکردگی کا مظاہرہ کروں گی۔

تحفظ: آپ کو بحیثیت خاتون کاروبار میں کبھی دشواری پیش آئی؟

شازیہ: ہرگز نہیں، ضرب المثل ہے ہمت مرداں مدد خدا جبکہ میں کہتی ہوں ہمت عورتاں مدد خدا

تحفظ: آپ عموماً کس عمر کے لوگوں کو بیمہ زندگی کی پالیسی لینے کے لیے کہتی ہیں؟

شازیہ: میں عموماً 40 سے 45 سال کی عمر کے لوگوں سے انٹرویو کرتی ہوں کیونکہ اس عمر کے لوگ سمجھ دار، ذمہ دار اور مستقبل کو چشم بینا سے دیکھ رہے ہوتے ہیں۔ میرے متوقع بیمہ دار زیادہ تر کاروباری لوگ ہوتے ہیں۔

تحفظ: آپ بیمہ زندگی کے فوائد کس طرح بتاتی ہیں؟

شازیہ: سب سے پہلے میں آپ کو بتاؤں کہ میں اپنی جاب کو فرض سمجھ کر کرتی ہوں۔ پروفیشنل انداز میں کام کرتی ہوں۔ متوقع خریدار کی انکم ذرائع معلوم کرتی ہوں اس کے مطابق پالیسی پروپوز کرتی ہوں اور پالیسی کے فوائد بتاتی ہوں۔ کارپوریشن کی بونس کی شرح بتاتی ہوں۔ میں متوقع بیمہ دار کی معاشی مشیر کی حیثیت سے اسے بتاتی ہوں، کبھی غلط بیانی نہیں کرتی، کارپوریشن کی مالی استحکام کی حیثیت بتاتی ہوں آنے والے وقت کی معاشی مشکلات بتاتی ہوں، یہ بتاتی ہوں کہ چھوٹی چھوٹی رقم جمع کر کے ہم کیسے بچت اور تحفظ کر سکتے ہیں اور بیمہ تحفظ کے ساتھ ساتھ بہترین سرمایہ کاری بھی ہے، الحمدللہ اگر میں 10 متوقع خریداروں سے ملوں تو اس میں سے چھ افراد مجھ سے پالیسی لے لیتے ہیں۔ یہ شرح تقریباً 60 فیصد بنتی ہے اور میں سمجھتی ہوں کہ یہ بڑی کامیابی ہے۔

تحفظ: زونل چیف جناب خالد محمود شاہد کس طرح آپ کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں؟

شازیہ: زونل چیف صاحب ہر اتوار کو ہمارے ساتھ میٹنگز کرتے ہیں ہفتہ واری کاروباری جائزہ لیتے ہیں اور آئندہ کی حکمت عملی بتاتے ہیں، موٹیویشن کرتے ہیں جس سے ہمارا حوصلہ بلند ہوتا ہے۔

تحفظ: آج کے عہد میں بیمہ زندگی کو کیوں ضروری سمجھتی ہیں؟

شازیہ: بیمہ زندگی اس لیے ضروری ہے کہ اس میں مستقبل کی منصوبہ بندی ہے اگرچہ زندگی اور موت اللہ کے ہاتھ میں ہے البتہ ہمیں اپنی آمدنی کو سیکیور رکھنا ہے۔ آنے والے حالات وواقعات کو سیکیور کرنا ہے۔ کمانے والے کو اللہ تعالیٰ نے پورے خاندان کا سربراہ بنایا ہے۔ اس کی زندگی میں اس کے بچوں کے لیے آمدنی کو تحفظ دینا ضروری ہے۔ آدمی کے ساتھ خدانخواستہ کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش آجائے تو اس کی آمدنی اس کے لیے بہت ضروری ہے۔ ہم تو وسیلہ ہیں، عقل دی ہے، محنت کرتے ہیں انہیں رقم سیکیور کرنے کا صحیح طریقہ ہمیں بتانا ہے۔ میں کہتی ہوں اس وقت اسٹیٹ لائف سے بڑھ کر کوئی ادارہ نہیں جو ان کی رقم کو سیکیور کر سکے۔

تحفظ: بیمہ کاروں کو کوئی پیغام دینا چاہیں گی؟

شازیہ: میرا پیغام یہی ہے کہ تمام ساتھی خلوص نیت سے کام کریں۔ اپنی فکر اپنی سوچ کو مثبت رکھیں۔ اگر آپ خدانخواستہ کچھ مصائب وآلام کا شکار ہیں تو گھبرانے کی بات نہیں بلکہ یہ مصائب اور دشواریاں انسان کو مٹانے کے لیے نہیں جگانے آتی ہیں۔ جن کو ہم کامیاب وخوش وخرم دیکھتے ہیں ان پر رشک ضرور کریں لیکن یہ بھی غور کریں کہ ان کی مسرت وکامیابی وکامرانی کا راز کیا ہے؟

تحفظ: بہت بہت شکریہ شازیہ جبین صاحبہ۔

# تصویری خبرنامہ

# News in Pictures





فیصل آباد زون: جناب ایس ایچ کاظمی اور جناب محمد رمضان شاہد خوش نصیب
سیلز منیجر جناب نذیر احمد کو سوزوکی مہران کی چابی پیش کر رہے ہیں



ایریا منیجر جناب اکرم بٹ، جناب مقصود احمد چوہدری، اور چوہدری عبدالناصر کو میٹنگ میں خوش آمدید
کہہ رہے ہیں تصویر میں جناب الیاس علی شاہ، چوہدری رخسار احمد قیصر اور چوہدری ارشد بھی نمایاں ہیں



سیالکوٹ زون نارووال سب زون کے مئی 2011ء میں مکمل ہونے والے فاؤنڈیشن کورس کے شرکاء کا گروپ فوٹو، انچارج/منیجر ایف ایم ڈی سید فاخر حسین رضوی اور سب زونل ہیڈ نارووال جناب محمد نواز بسرا بھی ہمراہ ہیں



زونل ہیڈ اسلام آباد زون جناب خالد منصور، گلگت بلتستان کے
سیلز افسر جناب اصغر جوادی کے ایجنسی آفس کا افتتاح کر رہے ہیں



فیصل آباد زون: کامیاب کوالیفائرز کا پی سی مظفر آباد میں ایک تقریب کے دوران
زونل سربراہ جناب محمد رمضان شاہد کے ساتھ ایک یادگار تصویر



ملتان زون: جناب طاہر احمد خان اور چوہدری اختر حسین زونل اکاؤنٹینٹ
ملک مظہر حسین کی ریٹائرمنٹ پر تحفہ پیش کر رہے ہیں



فیصل آباد زون: زونل سربراہ جناب محمد رمضان شاہد ٹاپ ففٹی سیلز منیجرز فیصل آباد زون کو ایک تقریب میں خراج تحسین پیش کرتے ہوئے ہار پہنا رہے ہیں اس موقع پر جناب معظم علی معظم بھی نمایاں ہیں

## ششماہی کاروباری جائزہ

اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن نے جون 2011ء تک نئے کاروبار کی مد میں 4 ارب 70 کروڑ روپے سے زائد جمع کر کے کاروبار میں 23.38 فیصد اضافہ کیا ہے جبکہ 2010ء میں اسی مدت کے دوران 3 ارب 81 کروڑ روپے حاصل ہوئے تھے۔ کاروباری اعداد و شمار کے مطابق ملتان ریجن نے نئے کاروبار میں 27.40 فیصد، سینٹرل ریجن نے 27.31 فیصد، سدرن ریجن نے 19.66 فیصد اور ناردرن ریجن نے 16.04 فیصد اضافہ کیا ہے۔

زونوں میں ماہ جون کے کاروباری اہداف گوجرانوالہ، ڈیرہ غازی خان اور فیصل آباد زون نے مکمل کیے ہیں جنہیں مارکیٹنگ ڈویژن کی جانب سے مبارک باد دی گئی۔ واضح رہے کہ کارپوریشن نے اپنے سالانہ اہداف کا 36 فیصد حاصل کرنے میں کامیابی حاصل کی ہے۔

## محترمہ یاسمین سعود
### اسٹیٹ لائف کی نئی ایگزیکٹیو ڈائریکٹر

پرسونل اینڈ جنرل سروسز ڈویژن کے جاری کردہ اعلامیہ اور اسٹیبلشمنٹ ڈویژن کے نوٹیفکیشن نمبر 2006/66/1، ای-6 کے مطابق ان لینڈ ریونیو سروس/ چیف کمشنر لارج ٹیکس پیئر یونٹ کراچی گریڈ بی ایس 21 کی محترمہ یاسمین سعود نے ڈیپوٹیشن کی بنیاد پر یکم جولائی 2011 سے اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن میں بطور ایگزیکٹیو ڈائریکٹر چارج لے لیا ہے۔ انہیں بطور ایگزیکٹیو ڈائریکٹر (ایف اینڈ اے) اور ایکچوئریل ڈویژن کے امور تفویض کیے گئے ہیں۔

## شعبہ خدمت بیمہ داران کی ہدایت

ڈویژنل ہیڈ پالیسی ہولڈرز سروسز ڈویژن جناب محمد یحیٰ چماڈیا نے ایک سرکلر کے ذریعے تمام فنکشنل ہیڈ (پی ایچ ایس) کو بتایا ہے کہ یہ بات مشاہدے میں آئی ہے کہ لیٹ فیس کی معافی کی غرض سے چیئرمین، ایگزیکٹیو ڈائریکٹر (پی ایچ ایس) اور ڈویژنل ہیڈ (پی ایچ ایس) کے دفتر میں بذریعہ ای میل یا فیلڈ ورکرز کی ملاقات کے ذریعہ جو درخواستیں موصول ہوتی ہیں ان میں بعض درخواستوں پر موجود دستخط ہمارے پالیسی ریکارڈ میں موجود دستخطوں سے مطابقت نہیں رکھتے۔ ایسی صورت حال سے بچنے کے لیے خود معزز بیمہ داروں اور کارپوریشن کے مفاد کی خاطر یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ ایسی درخواستوں پر اس وقت تک کارروائی عمل میں نہیں لائی جائے گی جب تک متعلقہ زون کے شعبہ پی ایچ ایس دستخطوں کی تصدیق نہ کردے جو بیمہ دار کے پالیسی ریکارڈ میں موجود ہیں۔

## مبارک مبارک

اسٹیٹ لائف پرنسپل آفس کی جنرل منیجر (میڈیکل) ڈاکٹر غزالہ نفیس کی بیٹی آنسہ شہرینہ کی شادی خانہ آبادی ہمراہ شرجیل ولد سرفراز گزشتہ دنوں کراچی میں انجام پائی۔

ادارہ ''تحفظ'' نوبیاہتا جوڑے کے خوشیوں بھرے مستقبل کے لیے دعا گو ہے اور محترمہ ڈاکٹر غزالہ نفیس اور ان کے اہل خانہ کو بفضل تعالیٰ اس اہم فریضہ کی انجام دہی پر مبارک باد پیش کرتا ہے۔

## آفس آرڈر

پی اینڈ جی ایس ڈویژن کے جاری کردہ مختلف سرکلرز کے ذریعے افسران کی ترقیاں، تبدیلیاں اور تعیناتیوں کے احکامات صادر کیے گئے۔ سرکلرز کے مطابق

- اے جی ایم/ زونل ہیڈ (جی اینڈ پی) کراچی زون جناب سلطان مسعود نقی کو فوری طور پر ترقی دے کر ڈپٹی جنرل منیجر کے عہدے پر ترقی دے دی گئی ہے۔
- اے جی ایم (رئیل ایسٹیٹ) پرنسپل آفس جناب افتخار علی خان کو ترقی دے کر ڈپٹی جنرل منیجر رئیل ایسٹیٹ پرنسپل آفس میں کی ہدایت کی گئی ہے۔
- اے جی ایم (آئی اینڈ سی) لاہور سینٹرل زون جناب صہیب عثمانی کو ڈپٹی جنرل منیجر کے عہدے پر ترقی دے کر ریجنل اکاؤنٹینٹ سدرن ریجن کراچی میں پوسٹنگ کر دی گئی ہے۔
- اے جی ایم (پی اینڈ جی ایس) سدرن ریجن جناب عطا محمد کو فوری طور پر ٹرانسفر کر کے اور ترقی دے کر ڈپٹی جنرل منیجر (پی ایچ ایس) پرنسپل آفس میں تعینات کر دیا گیا ہے۔
- اسسٹنٹ جنرل منیجر (ایف اینڈ اے) لاہور سینٹرل زون جناب مسعود الرحمٰن کو فوری طور پر ٹرانسفر کر کے اے جی ایم (آئی اے اینڈ سی) لاہور سینٹرل زون کے کام تفویض کیے گئے ہیں۔
- ڈپٹی جنرل منیجر اسٹاف ٹریننگ ڈپارٹمنٹ پرنسپل آفس جناب عطاء اللہ خان کی ریٹائرمنٹ کے بعد ان کی جگہ اے جی ایم و پرنسپل ٹریننگ اکیڈمی ساؤتھ کراچی سید اعجاز علی زیدی کو ٹرانسفر کر کے ذمہ داریاں سونپی گئی ہیں جبکہ اے جی ایم ریجنل اکیڈمی سدرن زون حافظ عبدالرشید کو پرنسپل ٹریننگ اکیڈمی ساؤتھ ریجن کراچی کے عہدے پر ذمہ داریاں لگائی گئی ہیں۔
- اے جی ایم جناب محمد سعید کو بطور زونل ہیڈ سوات زون آئندہ احکامات تک اپنی ذمہ داریاں جاری رکھنے کو کہا گیا ہے جبکہ سعودی عرب میں مقیم گلف زون کے سیکٹر ہیڈ جناب نمائش خان کو واپس پاکستان میں دوبارہ پوسٹنگ کے لیے ناردرن ریجن کے چیف کور پورٹ کرنے کو کہا گیا ہے۔
- ایگزیکٹیو آفیسر ایکچوئریل ڈویژن پرنسپل آفس جناب محمد اشعر کو ایکچوئرل پروموشن اسکیم کے تحت ترقی دے کر اسسٹنٹ منیجر بنا دیا گیا ہے۔
- اے جی ایم P-11 (پی اینڈ جی ایس) ڈویژن پرنسپل آفس ڈاکٹر احمد فاروق کو ٹرانسفر کر کے اے جی ایم/ انچارج (پی اینڈ جی ایس) کراچی سدرن زون کا قلمدان سونپا گیا ہے جبکہ اے جی ایم (پی اینڈ جی ایس) پرنسپل آفس جناب فیصل تہذیب کو ان کی جگہ فوری طور پر اے جی ایم (P-11) کی تعیناتی کے احکامات صادر کیے گئے ہیں۔